# نئے عہد کا کھانا

جب وقت ہو گیا تو وہ کھانا کھانے بیٹھا اور رسول اُس کے ساتھ بیٹھے ۔ اُس نے اُن سے کہا مجھے بڑی آرزو تھی کہ دُکھ سہنے سے پہلے یہ فسح تمہارے ساتھ کھاوں ۔ کیونکہ میں تُم سے کہتا ہوں کہ اُسے کبھی نہ کھاونگا جب تک وہ خدا کی بادشاہی میں پورا نہ ہو ۔

پھر اُس نے پیالہ لے کر شکر کیا اور کہا کہ اِسکو لیکر آپس میں بانٹ لو ۔ کیونکہ میں تُم سے کہتا ہوں کہ انگور کا شیرہ آپس میں بانٹ لو ۔ کیونکہ میں تُم سے کہتا ہوں کہ انگور کو شیرہ اب سے کبھی نہ پیونگا جب تک خدا کی بادشاہی نہ آ لے ۔ پھر اُس نے روٹی لی اور شکر کر کے توڑی اور یہ کہہ کر اُنکو دی کہ یہ میرا بدن ہے جو تمہارے واسطے دیا جاتا ہے ۔ میری یاد گاری کے لیےیہی کیا کرو ۔

اور اِسی طرح کھانے کے بعد پیالہ یہ کہہ کر دیا کہ یہ پیالہ میرے اُس خون میں نیا عہد ہے جو تمہارے واسطے بہایا جاتا ہے ۔ لوقا22 : 14 -20

کھانا جسے یسوع نے اپنے شاگردوں کے ساتھ بانٹا ، جو اُس کی موت سے کچھ دیر پہلے تھا ، یہ یہودی فسح کا کھانا تھا (لوقا22 : 7)- یسوع نے آخری فسح کے برہ کے طور پر اپنے سر پر کھڑی قُربانی کے وسیلہ فسح کو پورا کرنے کو ظاہر کرتے ہویے منایا ۔

( یوحنا 1 : 29 ، 1 کرنتھیوں 5: 7 : 1 پطرس 1 : 19)- اِس فسح کے کھانے کو بانٹتے ہوئے یسوع نے ایک نیا عہد بھی قائم کیا اور اِس طرح ، اِس کے ساتھ ساتھ فسح کا کھانا ہوتے ہوئے ، یسوع کا آخری کھانا اِس کھانے کے عہد کے نشانوں کو ذہن میں رکھتا ہے ۔

عہد قانونی طور پر کسی اقرار نامے میں بندھنا ہوتا ہے ۔ پُرانے عہد نامے کے اوقات میں ، عہد لوگوں (آدمیوں) کے دو گروہوں کے مابین باندھے جاتے تھے ، بلکہ خدا اور اُس کے لوگوں کے درمیان بھی ۔ درحقیقت ، خدا نے اپنے اور اپنے لوگوں کے درمیان رفاقت و شراکت کے درجے کو بڑھانے اور قائم کرنے کے طریقہ کار کے طور پر مسلسل عہدوں کو استعمال کیا ۔ یسوع نے آخری کھانے کو نئے عہد کو متعارف کرانے کے لیے استعمال کیا ، وہ عہد جو خدا کے ساتھ ہماری موافقت کراتا ہے اور ہمیں اُس کے ساتھ شراکت کرنے کے قریبی درجے تک لے جاتا ہے ۔

پیدائش اور خروج کی کتابوں ، اور اِس کے ساتھ ساتھ دوسرے ذرایع سے ، ہم دیکھ سکتے ہیں کہ یہاں قدیم عہد قائم کرنے میں بہت سے مراحل یا اجزاء شامل تھے ۔

1 )یہاں وعدے اور عہد و پیماں ہوتے تھے جس کے لیے گروہوں کو اپنے آپ کو پابند کرنا پڑتا تھا (1)

2) عہد ، یا اقرار نامے کی شرائط، کو واضح طور پر بیان کیا اور سمجھا جانا ہوتا تھا ۔
3) عہد کو متبرک رسمی ایکٹ کے تحت مہر ، یا ثبت کیا جانا ہوتا تھا جس میں اکثر سوختنی قُربانی شامل ہوتی تھی ۔
4) بعض اوقات اِس رسم میں کھانا بھی شامل ہوتا تھا ، جیسے پیدائش 31 : 54 اور خروج 24 : 4 - 8، 11 میں ہے (2) کھانا اِن گروہوں (پارٹیز) کے درمیان اِس عہد کی شرائط کو دوستی اور امن کے ساتھ قبول کرنے کی تصدیق تھی ۔
5) " یہاں اکثر یاد گیری بھی ہوا کرتی تھی ، جو عہد کی مادی علامت تھی ، جس کا کام گروہوں کو اپنی پابندیوں کی یاد دہانی کرانا تھا "(1)
6) یہاں عہد کے ساتھ اُس ایک کے لیے لعنتیں بھی عائد کی جاتی تھیں جو اِسے توڑے گا ۔
7) جب عہد باندھا جاتا تھا تو یہاں ہمیشہ مذہبی رسم کی سمجھ پائی جاتی تھی ، کیونکہ " یہ پابندی کا ایک سنجیدہ مرحلہ ہوتا تھا "(1)
نیا عہد باندھنے میں پُرانے عہدوں کے وہی سات عناصر شامل ہوتے تھے :
1) نئے عہد کے وعدے کفارہ ، گناہوں سے معافی ، اور خدا کے ساتھ تعلق میں ابدی زندگی ہیں ۔
2) ہماری جانب سے ، اِس اقرار نامے کی شرائط ، یسوع پر خداوند اور نجات دہندہ کے طور پر بھروسہ اور ایمان رکھنا ہیں ۔ نیا عہد بالکل واضح ہے جس پر قائم رہنا اور ایمان رکھنا ہماری پابندی ہے ۔
3) یسوع نے صلیب پر اپنی مو ت کے ساتھ عہد کو مہر کر دیا ۔ یسوع نے اپنی زندگی کی قُربانی دینے کے ساتھ ابدی زندگی اور عہد کی توثیق کے ذرائع کو مول لے لیا ( اعمال 20: 28 بی ، افسیوں 1 : 7 ، 1 پطرس 1 : 18 - 19)۔
4) جب ہم یسوع کے عہد کی شرائط کو قبول کرتے ہیں اور خواہشمندانہ طو ر پر اِس میں داخل ہونے کا فیصلہ کرتے ہیں ، تب ہم عہد کے کھانے میں شمولیت اختیار کر سکتے ہیں ۔ اِس کھانے کو مختلف کلیسیاوں کی طرف سے بہت سے ناموں سے پُکارا گیا ہے ، نام جیسے کہ ، خداوند کا کھانا ، پاک شراکت ، یا یوخرست ۔ زیادہ تر کلیسیائی اکٹھ میں یہ سادہ ، واضح دار اور علامتی "کھانا " بن چُکا ہے ۔
5) یاد گاری کے نشانات ، جو عہد کی یاد دہانی کے طور پر پیش کیے جاتے ہیں ، یہ بےخمیری روٹی اور مَے ہیں ۔ یسوع کے بے گناہ بدن اور اُس کے " عہد کے خون" کے نشانات "( متی 26 : 26 - 28 ، مرقس 14 : 22- 25 ، لوقا 22 : 19 - 20 ، 1 کرنتھیوں 10 : 16)۔
6) یسوع ساری انسانیت کے لیے اِس نئے عہد کو قائم کر چُکا ہے لیکن کچھ لوگ بے ایمانی کی حالت میں رہتے ہیں ( یوحنا 3 : 16 - 18)۔ یقین نہ کرنے کا نتیجہ " عدالت اور سزا کے حکم سے " لعنت" ہوتا ہے ( یوحنا 3: 16 - 18 ، 36)۔

7) آج ہم اب بھی عزت و احترام اور مستحکم طور پر نئے عہد کی تصدیق کو یاد کرتے ہیں جب ہم خداوند کے کھانے پر یسوع کی موت کو یاد کرتے ہیں ۔
جب ہم خداوند کے کھانے کو مناتے ہیں ہم محض صلیب پر یسوع کی قُربانی کی یاد گاری نہیں کر رہے ہوتے ، بلکہ ہم اُس نئے عہد میں حصہ ڈال رہے ہوتے ، او ر اِسے قبول کرنے ہوئے اقرار کی تجدید بھی کر رہے ہوتے ہیں جسے یسوع نے ہمارے لیے محفوظ کر چُکا ہے ۔
اگرچہ شاید ہم ہمیشہ اِس سے آگاہ نہ ہوں ، یسوع ہمیشہ اپنے روح کے وسیلہ موجود ہوتا ہے جب ہم اُس کے نام پر اکٹھے ہوتے ہیں ( متی 18 :20)- اور یسوع اُس وقت بھی موجود ہوتا ہے جب کبھی ہم خدا کے کھانے کی یاد گیری کرتے ہیں ۔ ہم یسوع کے ساتھ اُس کی موجودگی میں یہ کھانا کھاتے ہیں جو نجا ت دہندہ اور کفارہ دینے والے کے طور پر اپنے عہد کی تجدید کرتا ہے جو ہمیں گناہ اور موت کی طاقت سے بچاتا ہے ۔
میں گہرے طور پر شکر گزار ہوں کہ یسوع نے بہت بڑی قیمت کو برداشت کیا تاکہ ہم سادہ طرح ایمان کی بنیاد پر خدا کے ساتھ تعلق رکھتے ہوئے اُس عہد میں شامل ہو سکیں۔ میں بہت زیادہ شکر گزار ہوں کہ یسوع شاندار ، ابدی وعدوں کے ساتھ نئے عہد کو قائم کر چُکا ہے ۔ اور میں شکر گزار ہوں کہ اُسی طرح اُن عہد والے لوگوں سے تعلق رکھتا ہوں جو نئے عہد کے کھانے کو بانٹ سکتے ہیں ۔

---

**اختتامی نوٹس**

(1) بوب ڈیفن بگ" کوہِ سینا ء پر شاندار کھانا "( Bible.orgپر قوم کی پیدائش خروج 24: 1 - 18)، خروج کی طرف سے :
(2) یہ خروج 24: 4 - 8 کے این آئی وی ترجمے میں غیر واضح ہے ۔

More Christian articles in Urdu here: http://newlife.id.au/urdu-christian-articles/